فاسئلوا اهل الذکر ان کنتم لا تعلمون ۝
اگر تم خود نہیں جانتے تو اہل ذکر سے پوچھو!

الافاضات السنیہ

الملقب بہ

فتاوٰی مہریہ

یعنی

مجموعہ فتاوٰی حضرت قبلہ عالم علامہ زمان خواجہ سید پیر مہر علی شاہ صاحب گیلانی رحمۃ اللہ علیہ

تصحیح و ترتیب

مولانا فیض احمد صاحب فیض، جامعہ غوثیہ، گولڑا شریف

بایماء

حضرت سید پیر غلام محی الدین شاہ صاحب قدس سرہٗ

باہتمام

جناب سیدنا پیر غلام معین الدین شاہ صاحب و سیدنا شاہ عبد الحق شاہ صاحب مدظلہما العالی

۳۲۔ "غلام نبی" "غلام رسول" وغیرہ اسماء کے جواز کی دلیل

استفتاء

کیا فرماتے ہیں علماء دین و مفتیانِ شرع متین اس مسئلہ میں کہ غلام نبی و غلام رسول و غلام علی وغیرہ کسی کا نام رکھنا درست ہے یا نہیں۔ بینوا و توجروا

الجواب هو الصواب

غلام نبی و غلام رسول وغیرہ نام رکھنا شرعاً جائز و درست ہے۔ اگر کلام ہے تو عبد النبی وغیرہ میں ہے اس کا بھی نیّت پر دار و مدار ہے چنانچہ خود سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلّم سے اس بارہ میں اجازت آئی ہے۔ مسلم و بخاری میں یہ حدیث موجود ہے۔ عن ابی هریرة رضی الله تعالیٰ عنه ان رسول الله صلی الله علیه وسلم قال لا یقولن احدکم عبدی و امتی کلکم عباد الله وکل نسائکم اماء الله ولکن لیقل غلامی وجاریتی وفتای وفتاتی۔ (مسلم) لایقل احدکم عبدی وامتی لیقل فتای وغلامی (بخاری)
علاوہ ازیں اگر واضع اسم غلام بمعنے عبد وضع کرے اور لوگ بمعنے فرزند وغیرہ تلفظ استعمال کریں تو کوئی قباحت نہیں۔ لکل امرءٍ ما نوی۔ واللہ اعلم۔

حررہ العبد الملتجی والمشتکی الی اللہ المدعو بمہر علی شاہ عفی عنہ ربہ

۳۳۔ بازاری عورتوں کے جنازہ کے متعلق حکم

استفتاء

کیا فرماتے ہیں علماء دین و مفتیانِ شرع متین اس مسئلہ میں کہ زانیہ بازاری عورتیں جن کا پیشہ بدکاری ہے اُن کی نمازِ جنازہ شرعاً درست ہے یا نہیں؟

الجواب هو الصواب

مسئلہ شرعی تو یہ ہے کہ اگر میّت بحالتِ اسلام فوت ہوا ہے تو باستثنائے چند مفسداں مثل بغاۃ و قطاع الطریق وغیرہ نمازِ جنازہ ادا کرنی جائز ہے۔ کیونکہ ارتکابِ فسق و فجورِ علانیہ سے انسان خارج از اسلام نہیں ہو جاتا ہے تا وقتیکہ مستحل نہ ہو۔ اور یہ ظاہر ہے کہ کوئی شخص فسق و فجور کو حلال جان کر نہیں کرتا محض خواہشِ نفسانی و شامتِ اعمال کی بدولت مبتلا ہوتا ہے۔ اور جب خارج عن الاسلام نہ ہوا تو غایۃ ما فی الباب گنہگار